سالانہ رپورٹ
شعبہ خط و کتابت کورسز
برائے سال ۱۹۹۵ء

—— مرتب : انوار الحق چوہدری' ناظم شعبہ ——

۱۔ شعبے کا اجراء

ڈاکٹر اسرار احمد صاحب صدر موسس انجمن خدام القرآن اور امیر تنظیم اسلامی کی دعوت "رجوع الی القرآن" کی متعدد جہتیں (Facets) ہیں۔ عوام کے لئے ڈاکٹر صاحب کے دروس قرآن اور خطبات جمعہ' قرآن کالج میں نوجوان طلبہ کے لئے یونیورسٹی کورسز یعنی ایف۔اے' بی۔اے کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم یعنی عربی گرامر' قرآن اور حدیث کی تعلیم' عمر رسیدہ اور Serving احباب کے لئے عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے ایک سالہ کورس' تجوید سیکھنے کے لئے سپیشل کلاسز' بچوں کے حفظ قرآن کے لئے جامع القرآن' قرآن اکیڈمی میں شعبہ حفظ قرآن وغیرہ۔

ان سب کے علاوہ ایسے طلبہ و طالبات' خواتین و حضرات جو ملک سے یا لاہور سے باہر ہیں یا جن کے لئے کسی وجہ سے قرآن کالج/ قرآن اکیڈمی لاہور میں حاضری ممکن نہیں' خط و کتابت کورسز ترتیب دیئے گئے ہیں' تاکہ سب گھر بیٹھے بیٹھے سہولت کے ساتھ اپنے فارغ وقت میں عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کر سکیں اور درج ذیل کورسز سے استفادہ کر سکیں :

(i) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی

(ii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول)

(iii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم)

پہلے کورس کا آغاز جنوری ۱۹۸۸ء میں کیا گیا۔ اس کورس کا مقصد خواتین و حضرات اور

طلبہ و طالبات کو قرآن حکیم کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کے جامع اور ہمہ گیر تصور سے متعارف کرانا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ یہ کورس خوب زور و شور سے جاری ہے۔ اس میں حصہ لینے والوں کی تعداد ۱۹۲۰ تک پہنچ چکی ہے۔ بیرون ملک سے اس کورس کا اجراء سعودی عرب میں جدہ، مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، ریاض، داہران اور الواسیع میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ابوظبی، دوبئی، شارجہ، راس الخیمہ، انگلینڈ، فرانس، کینیڈا اور امریکہ میں بھی اس کورس کا اجراء ہو چکا ہے۔

دوسرے کورس (حصہ اول) کا اجراء نومبر ۱۹۹۰ء میں کیا گیا۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے کے لئے ابتدائی عربی گرائمر کا جاننا ناگزیر ہے۔ اس کورس کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ کو عربی گرائمر کے بنیادی اصولوں سے اس حد تک متعارف کرا دیا جائے کہ قرآن اور حدیث سے براہ راست استفادہ کے لئے انہیں ایک بنیاد حاصل ہو جائے۔ اول الذکر کورس کی طرح یہ کورس بھی بہت مقبول ہوا۔ اس کے طلبہ اور طالبات کی تعداد ۱۱۵۹ تک پہنچ چکی ہے۔ یہ کورس بھی بیرون پاکستان سعودی عربیہ، ابوظبی، دوبئی، شارجہ، انگلینڈ، فرانس، کینیڈا اور امریکہ میں جاری ہو چکا ہے۔

اس کورس کے حصہ دوم کا آغاز بھی اکتوبر ۱۹۹۲ء میں کر دیا گیا تھا۔ اس میں طلبہ کی تعداد ۱۱۵ تک پہنچ چکی ہے۔

۲ ۔ ان کورسز کو متعارف کرانے کے لئے اقدام

سال رواں ۱۹۹۵ء کے دوران ان دونوں کورسز کو بڑے پیمانہ پر متعارف کرانے کے لئے مندرجہ ذیل اقدام کئے گئے :

۱ ۔ انجمن خدام القرآن اور تنظیم اسلامی کے اپنے ماہانہ جرائد یعنی "حکمت قرآن" اور "میثاق" میں وقفہ وقفہ سے ان کورسز کے اشتہارات جاری کئے گئے۔

۲ ۔ ان کورسز کو پبلک میں متعارف کرانے کے لئے روزنامہ نوائے وقت اور جنگ میں سال میں دو دفعہ اشتہارات دیئے گئے۔

۳ ۔ تنظیم اسلامی کے ۲۳ اسرہ جات کے نقباء اور ۷ امراء کو ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز

نے ذاتی خط لکھے کہ وہ اپنے اپنے شہروں میں ان کورسز کو پبلک میں متعارف کرائیں۔ انہیں ان کورسز کے پراسپکٹس اور داخلہ فارمز بھی مندرجہ ذیل شہروں، ملکوں میں ارسال کئے گئے۔

اندرون ملک : کراچی، کوئٹہ، ملتان، فیصل آباد، لاہور، گجرات، راولپنڈی، اسلام آباد، پشاور، سکھر، چکوال، سرگودھا، شجاع آباد، وہاڑی، بورے والا، بہاولپور، رحیم یار خان، میرپور خاص۔

بیرون ملک : ۱۔ سعودی عرب میں مکہ مکرمہ، جدہ، مدینہ منورہ، ریاض، داہران، الواسیع، ۲۔ ابوظہبی، ۳۔ دوبئی، ۴۔ شارجہ، ۵۔ راس الخیمہ ۶۔ انگلینڈ، ۷۔ فرانس، ۸۔ کینیڈا، ۹۔ امریکہ

ان نقباء اور اسرہ جات کو ہر چھ ماہ کے بعد یاد دہانی کرائی گئی۔ اور پراگریس رپورٹیں بھی منگوائی گئیں۔

۴۔ ناظم شعبہ خط و کتابت کورسز نے اپنے احباب اور ہم خیال دوستوں کو ان کورسز سے متعارف کرانے کے لئے ذاتی خطوط بھی تحریر کئے۔

۵۔ لاہور کی مندرجہ ذیل بڑی بڑی لائبریریوں کے انچارجز کو ان کورسز کے بارے میں خط لکھے گئے۔ ان سے استدعا کی گئی کہ ان کورسز کے اشتہارات اپنی لائبریریوں کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کئے جائیں۔ انہیں اشتہارات، کورسز کے پراسپکٹس اور داخلہ فارمز بھی بھجوائے گئے :

(ا) پنجاب پبلک لائبریری
(ب) پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور
(ج) دار السلام لائبریری باغ جناح لاہور
(د) قرآن محل، پنجاب پبلک لائبریری لاہور

۳ ـ موازنہ

۱۹۹۴ء اور ۱۹۹۵ء کے موازنہ کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں :

	۱۹۹۴ء	۱۹۹۵ء	اضافہ
(۱) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی کورس			
(ا) دوران سال داخلے لینے والوں کی تعداد	۳۵۷	۵۰۹	٪ ۴۲.۶
(ب) دوران سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	۵۱	۶۹	٪ ۳۵.۳
(ج) کورس شروع ہونے کے وقت طلبہ / طالبات کی تعداد	۱۰۶۴	۱۵۷۲	٪ ۴۷.۹
(۲) عربی گرامر کورس (حصہ اول)			
(ا) دوران سال داخلہ لینے والوں کی تعداد	۲۶۲	۲۹۱	٪ ۱۱.۱
(ب) کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد	۴۱	۴۷	٪ ۱۴.۶
(ج) کورس شروع ہونے کے وقت طلبہ و طالبات کی تعداد	۸۶۸	۱۱۵۹	٪ ۳۳.۵
عربی گرائمر (حصہ دوم)			
(ا) داخلہ لینے والوں کی تعداد	۳۶	۴۵	٪ ۲۵
(ب) پاس ہونے والوں کی تعداد	۱۵	۳۰	٪ ۱۰۰

۴ ـ تقابلی موازنہ سے معلوم ہوگا کہ سال رواں ۱۹۹۵ء میں پچھلے سال ۱۹۹۴ء کے مقابلہ میں ان کورسز میں بہت زیادہ ترقی ہوئی۔ کورس نمبر۱ کے اضافہ کی شرح ۴۲.۶ فیصد رہی۔ جبکہ کورس نمبر۲ عربی گرائمر میں اضافہ کی شرح ۱۱.۱ فیصد رہی۔

یہ اعداد و شمار ثابت کرتے ہیں کہ بفضل باری تعالیٰ سال رواں ۱۹۹۵ء میں شعبہ خط و کتابت کورسز کی کارکردگی بہت بہتر رہی۔